04-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الحدیث+علوم الحدیث	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة العالمية (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ______________________

نام طالبعلم: ______________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ بکریوں میں زکوٰۃ کا نصاب ہے:

(الف) 20 (ب) 30 (ج) 40 (د) 50

2۔ کنایہ الفاظ سے طلاق ہوتی ہے:

(الف) رجعی (ب) بائنہ (ج) مغلظہ (د) تینوں

3۔ عند الاحناف رمضان کے چاند کے لیے اتنے بندوں کی گواہی کافی ہے:

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

4۔ آقا ﷺ زیادہ حیاء فرماتے تھے:

(الف) بوڑھی عورت سے (ب) جوان عورت سے (ج) شادہ شدہ لڑکی سے (د) کنواری لڑکی سے

5۔ اگر جوتا صاف ہو تو اس کو پہن کر نماز پڑھنا ہے:

(الف) حرام (ب) مکروہ (ج) سنت (د) بدعت

6۔ کتابت حدیث ہے:

(الف) جائز (ب) مکروہ (ج) حرام (د) بدعت

7۔ امام طحاوی مذہباً تھے:

(الف) حنفی (ب) شافعی (ج) مالکی (د) حنبلی

8۔ احناف کے نزدیک نماز مغرب میں یہ سورتوں کو پڑھنا مستحب ہے:

(الف) قصار مفصل (ب) اوساط مفصل (ج) طوال مفصل (د) تینوں

9۔ بیع میں عقد سے غیر متعلقہ شرط لگانے سے عقد ہو گا:

(الف) جائز (ب) باطل (ج) مکروہ (د) فاسد

10۔ نماز میں قعدہ میں بیٹھنے کے طریقے ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

ورق الٹئے

11۔"موالید" جمع ہے:

(الف) والد کی (ب) والدۃ کی (ج) ولادت کی (د) مولد کی

12۔جرح کے مراتب ہیں:

(الف) ۳ (ب) ۴ (ج) ۵ (د) ۶

13۔جرح قبول ہو گی:

(الف) مبہم (ب) مفسر (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

14۔راویوں کی نسبت کی جاتی ہے:

(الف) قبائل کی طرف (ب) اوطان کی طرف (ج) بلاد کی طرف (د) تینوں کی طرف

15۔"عمران عن عمران عن عمران" میں دوسرا "عمران" معروف ہے:

(الف) ابو رجاء سے (ب) مضیر سے (ج) ابن حصین سے (د) تینوں سے

16۔"مقدمۃ ابن الصلاح" کا اصل نام ہے:

(الف) علم المصطلح (ب) علوم الحدیث (ج) مقدمہ ابن الصلاح (د) علوم القرآن

17۔حدیث صحیح کی شرائط ہیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

18۔حدیث حسن کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

19۔مرسل حدیث کہلاتی ہے:

(الف) صحیح (ب) حسن (ج) ضعیف (د) موضوع

20۔حدیث معضل کی سند سے کم از کم راوی ساقط ہوتے ہیں:

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

04-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الحدیث+علوم الحدیث	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة العالمية (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ....

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "ليس فيها دون خمس ذود صدقة" ترجمہ لکھیں۔

2۔ عشر سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

3۔ "يحرم من الرضاعة ما يحرم من النسب" ترجمہ کریں۔

4۔ خلع سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

5۔ "كان النبي صلى الله عليه وآله وسلم لا يدخر شيئا لغد" ترجمہ لکھیں۔

6۔ حضرت امام مالک کے ادب حدیث پر دو لائنیں لکھیں۔

7۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا امر و نہی اللہ تعالیٰ کے امر و نہی کی مثل ہے حدیث پاک لکھیں۔

8۔ تبرک بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ایک حدیث پاک لکھیں۔

9۔ شہادتین میں ترجیح سے کیا مراد ہے؟

10۔ نماز ظہر کے آخر وقت میں کیا اختلاف ہے؟ تحریر کریں۔

11۔ بیع تلقیٔ جلب سے کیا مراد ہے؟

12۔ ربا کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ طبقہ کی تعریف کریں۔

2۔ تعدیل وجرح کے اعتبار سے رواۃ کے احوال کی معرفت کا فائدہ تحریر کریں۔

3۔ اسباب جرح میں سے تین کے نام لکھیں۔

4۔ "والجرح مقدم على التعديل واطلق ذالك جماعة" ترجمہ کریں۔

5۔ "معرفة الاخوة والاخوات" سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

6۔ حدیث کی سماع کی صفت تحریر کریں۔

7۔ علوم الحدیث کی اہمیت پر دو لائنیں لکھیں۔

8۔ راویوں کی تعداد کے اعتبار سے حدیث صحیح کی اقسام تحریر کریں۔

9۔ متفق علیہ حدیث سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

10۔ حدیث مرسل کا حکم تحریر کریں۔

11۔ "ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم نهى عن بيع الولاء وهبته" ترجمہ کریں۔

12۔ متروک الحدیث کی روایت کا حکم تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "حدثنا قتبه بن سعيد الثقفي نا الليث عن عقيل عن الزهري اخبرني عبد الله بن عتبة عن ابي هريرة قال لما توفى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم واستخلف ابوبكر بعده وكفر من كفر من العرب قال عمر بن الخطاب لابي بكر كيف تقاتل الناس وقد قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم امرت ان اقاتل الناس حتى يقولوا لا اله الا الله فمن قال لا اله الا الله عصم مني ماله ونفسه الا بحقه وحسابه على الله فقال ابوبكر والله لاقاتلن من فرق بين الصلوة والزكوة" سند اور متن پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔ نیز خط کشیدہ کی مکمل وضاحت کریں۔

ii. حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے وجوب پر احادیث کی روشنی میں تفصیلی نوٹ لکھیں۔

iii. "قال حدثنا شعبة عن خالد الحذاء عن ابي قلابة عن انس بن مالك قال امر بلال ان يشفع الاذان ويوتر الاقامة" عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

ورق الٹیے

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. "ومن المهم ايضا معرفة مواليدهم ووفياتهم لان بمعرفتها يحصل الامن من دعوى المدعى للقاء بعضهم وهو فى نفس الامر ليس كذالك "عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔

ii. وحتى قالوا هذا حديث صحيح فمعناه انه اصل السند مع سائر الاوصاف المذكورة وليس من شرطه ان يكون مقطوعا به فى نفس الامر اذ منه ماينفرد بروايته عدل واحد وليس من الاخبار التى اجمعت الامة على تلقهيها بالقبول "عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔ نیز محدثین کے قول" هذا حديث غير صحيح" کا کیا مطلب ہوتا ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. حدیث موضوع کی تعریف لکھنے کے بعد تحریر کریں کہ حدیث کا موضوع ہونا کیسے معلوم ہو گا؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

یا

تحمل حدیث اور اداء حدیث پر ایک ایسا تفصیلی نوٹ لکھیں جس سے واضح ہو جائے کہ تحمل حدیث اور اداء حدیث کیلیے کتنی عمر کا ہونا بہتر ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔